# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 10 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کا شوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ’’پریکشا پہ چرچا‘‘ پروگرام میں وزیراعظم نریندر مودی کی آج طلباء، سرپرستوں اور اساتذہ سے گفتگو۔

☆ آنندوَن میں 500افراد کے رہائشی اسپتال سمیت معذوروں کیلئے ملک کا پہلا ہنرمندی مرکز قائم کرنے کا اعلان۔

☆ چھتیس گڑھ میں حفاظتی دستوں کے ساتھ تصادم میں 31 نکسلی ہلاک، دو فوجی جوان شہید۔

☆ دوسرے ایک روزہ مقابلے میں انگلینڈ کو شکست دے کر بھارت کی سیریز میں ناقابلِ تسخیر برتری۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں تیجس شرسے کو گولڈ میڈل‘ دوڑ مقابلوں میں ایشوریہ شرمانے بھی گولڈ میڈل جیتا۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح گیارہ بجے آٹھویں ’’پریکشا پہ چرچا‘‘ پروگرام میں طلباء، والدین اور اساتذہ سے گفتگو کریں گے۔ دہلی کے بھارت منڈپم میں یہ تقریب منعقد ہوگی اور دوردرشن، آکاشوانی اور تمام نیوز چینلز پر اسے براہِ راست نشر کیا جائے گا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر کے سرسوتی بھون اسکول میں سائنس مضمون کے مدرس میور سابلے نے اس پروگرام کی افادیت کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ تعلیمی شعبے میں کام کرتے ہوئے انھیں اس پروگرام کی اہمیت معلوم ہوئی ہے‘ کیونکہ طلبہ کے ساتھ وزیراعظم کی بات چیت یقینی طور پر ان کے دباؤ کو کم کر رہی ہے۔ سابلے نے کہا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس سال کے پروگرام میں شامل ماہرین واقعی قابل تقلید ہیں کیونکہ انھوں نے طلبہ کے مختلف مسائل کا مطالعہ کیا ہے۔

اسی طرح بیڑ کے ایک معلم کرشنا جادھو اور ایک طالب علم نے اپنے تاثرات ظاہر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ پروگرام طلبہ کو امتحانات کے دباؤ سے باہر نکالنے اور مطالعہ کر کے امتحان میں شرکت کی ترغیب دیتا ہے‘ ساتھ ہی اس پروگرام سے طلبہ کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

***** ***** *****

صدرِ مملکت دَروپدی مُرمو آج پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے کا دورہ کریں گی۔ وہ تریوینی سنگم میں پوتر غسل کریں گی‘ ساتھ ہی اکشیا وَت اور بڑے ہنومان مندر کا بھی دورہ کریں گی۔ بعدازاں صدرِ جمہوریہ ڈیجیٹل مہا کمبھ مرکز سے کمبھ میلے کا بھی معائنہ کریں گی۔

***** ***** *****

راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے نے کہا ہے کہ امدادِ باہمی اداروں کو اخلاقی اقدار کی بنیاد پر شفاف طریقے سے چلایا جائے تو یہ شعبہ یقینی طور پر ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔ وہ کل اہلیانگر میں بین الاقوامی امدادِ باہمی کانفرنس 2025 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ ریاست[4] کے آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل اور امدادِ باہمی محکمے کے وزیر بابا صاحب پاٹل اس موقع پر موجود تھے۔ باگڑے نے امدادِ باہمی شعبے کی غلطیوں کو چھپانے کے بجائے ان کو سدھارنے پر توجہ دینے کا مشورہ بھی دیا۔ انہوں نے کہا کہ امدادِ باہمی سال میں کچھ نئے اقدامات کرنا اور مشکلات میں گھرے اداروں کی رہنمائی کرنا ضروری ہے۔ محکمے کے وزیر بابا صاحب پاٹل نے امدادِ باہمی اداروں کو مصنوعی ذہانت جیسی جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر اور مناسب استعمال کرنے کی ترغیب دی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے آنندوَن میں پانچ سو لوگوں کیلئے ایک رہائشی اسپتال قائم کرنے اور معذور افراد کیلئے ملک کا پہلا ہنر مندی مرکز شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کل، وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں آنندوَن میں منعقدہ دوست میلہ اختتام پذیر ہوا۔ اس موقعے پر وزیرِ صنعت ادئے سامنت سمیت دیگر معززین موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2027 تک ملک سے عارضۂ جذام کو ختم کرنے کا عزم کیا ہے، اور آنندوَن جیسی سماجی خدمت گار تنظیموں کی مدد سے اس عزم کو مکمل کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پھڑنویس نے آنندون منصوبے کیلئے دس کروڑ روپئے کا خصوصی فنڈ دینے کا بھی اعلان کیا۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید بتایا کہ اسپتال کو دی جانے والی فی مریض امداد 2200 روپے سے بڑھا کر چھ ہزار روپے فی مریض اور بازآبادکاری امداد دو ہزار روپے سے بڑھا کر چھ ہزار روپے کردی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے بابا آمٹے کے انسانی ہمدردی پر مبنی کاموں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے کاموں میں انسانی حساسیت جھلکتی ہے، اور آج لوگوں کو ان کاموں سے جڑ کر دلی اطمینان حاصل ہوتا ہے، اور یہ سب گزشتہ 75 سالوں کی مسلسل انسانی خدمت کا ثمرہ ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جس وقت بابا آمٹے نے یہ کام شروع کیا تھا، اس وقت اسے تسلیم کرنے کی بجائے اس کی مخالفت کا ماحول تھا، لیکن آج مجھے خوشی ہے کہ پچہتر سال کے بعد متعدد نامور شخصیات یہاں آتی ہیں، اور اس تحریک سے جڑ کر انھیں قلبی اطمینان وسکون حاصل ہوتا ہے۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں کل، حفاظتی دستوں اور نکسلیوں کے مابین ہوئے تصادم میں 31 نکسلی مارے گئے اور دو فوجی جوان شہید ہو گئے۔ مڈبھیڑ کے مقام سے اسلحہ اور گولہ بارود کا ایک بڑا ذخیرہ ضبط کیا گیا ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک کو نکسل سے پاک بنانے کی سمت میں حفاظتی دستوں کو بیجاپور میں ایک بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

بھارت نے انگلینڈ کے خلاف دوسرا ایک روزہ میچ چار وکٹوں سے جیت کر سیریز میں دو صفر کی ناقابلِ شکست برتری حاصل کرلی ہے۔ اڈیشہ کے کٹک میں کل کھیلے گئے اس میچ میں انگلینڈ نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت کے سامنے 304 رنوں کا ہدف رکھا۔ جبکہ بھارت نے کپتان روہت شرما کی سنچری کی بدولت 45 ویں اوور میں اس ہدف کو عبور کرلیا۔ 90 گیندوں پر 119 رنز بنانے والے روہت شرما کو مین آف دی میچ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 12 تاریخ کو احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔

**** ***** *****

اتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیل مقابلوں میں مہاراشٹر کے تیجس شِرسے نے مردوں کی 100 میٹر رکاوٹوں کے مقابلوں میں مسلسل تیسری بار طلائی تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کی 400 میٹر دوڑ مقابلے میں ممبئی کی ایشوریہ شرما نے بھی طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ ان مقابلوں میں مہاراشٹر سب سے زیادہ 120 تمغے جیت کر میڈل ٹیبل میں 29 طلائی، 43 نقرئی اور 48 کانسے کے تمغوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے، جبکہ مسلح افواج کی ٹیم 42 طلائی تمغوں کے ساتھ پہلے اور کرناٹک 31 طلائی تمغے جیت کر دوسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر برائے تحفظِ مراٹھی زبان اُدئے سامنت نے کہا ہے کہ مراٹھی زبان کے تحفظ اور ترویج واشاعت کیلئے حکومت عہد بند ہے۔ وزیرِ موصوف کل ناندیڑ ضلعے کے بلولی تعلقے کے سگروڑی میں ریاستی سطح کے مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کی افتتاحی تقریب سے ورچوئل طریقے سے مخاطب تھے۔ مشہور مصنف اَچیوت گوڈبولے کی صدارت میں منعقدہ اس سمّیلن میں رُکنِ اسمبلی جتیش اَنتاپورکر، سمّیلن کے صدرِ استقبالیہ پرمود دیشمکھ، ریاستی ساہتیہ سنسکرتی بورڈ کے صدر ڈاکٹر مارتنڈ کلکرنی، ادیب دیوی داس پھلاری ودیگر محبانِ زبان وادب موجود تھے۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے نیچرل صنعتی گروپ کے ذریعے تیار کردہ ''فرمنٹیڈ آرگینک مینوئیر'' نامی نامیاتی کھاد کو قومی کمپنی نیشنل کیمیکل اینڈ فرٹیلائزرس کو فروخت کرنے کی شروعات ہوئی۔ نیشنل کیمیکل اینڈ فرٹیلائزرس کمپنی کے دھاراشیو اور لاتور ضلعے کے سینئر تشہیری افسر اس موقع پر موجود تھے۔ نیچرل صنعتی گروپ کے بانی صدر بی۔ بی۔ ٹھومبرے نے بتایا کہ اس نامیاتی کھاد کی وجہ سے زرخیز زمین کا معیار مزید بہتر ہوتا ہے۔

***** ***** *****

امریکہ سے بھارتی شہریوں کی بے دخلی کے عمل کے خلاف لاتور شہر ضلع کانگریس کمیٹی کی جانب سے کل امریکہ اور بھارتی حکومت کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ مرکزی حکومت پر بھارتی شہریوں کی بے دخلی پر خاموشی اختیار کرنے کا الزام مظاہرین نے عائد کیا۔

***** ***** *****

ریاستی امتحانی بورڈ کی جانب سے کل پانچویں تا آٹھویں جماعت کا اسکالرشپ امتحان منعقد ہوا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں 54 ہزار 680 طلبہ نے اس امتحان میں شرکت کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے بھوکر میں ایڈیشنل ضلع سیشن عدالت کی نئی توسیعی عمارت کا افتتاح کل بامبے ہائیکورٹ کے جج و ناندیڑ ضلع کے سرپرست جج نتن سوریہ ونشی کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس توسیعی عمارت کی وجہ سے سبھی کو بہتر ماحول ملنے اور حصولِ انصاف کے عمل میں سہولت ہونے کا یقین سوریہ ونشی نے ظاہر کیا۔

***** ***** *****

مرکزی عمومی شیوجینتی تقریب کمیٹی کی جانب سے دھاراشیو میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے 395 ویں یومِ پیدائش کے موقعے پر آج پرچم کشائی کے ذریعے مختلف پروگراموں کا آغاز ہوگا۔ رابطہ وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے و رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل اس موقعے پر موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ''پریکشا پہ چرچا'' پروگرام میں وزیراعظم نریندر مودی کی آج طلباء، سرپرستوں اور اساتذہ سے گفتگو۔

☆ آنندوَن میں 500 افراد کے رہائشی اسپتال سمیت معذوروں کیلئے ملک کا پہلا ہنرمندی مرکز قائم کرنے کا اعلان۔

☆ چھتیس گڑھ میں حفاظتی دستوں کے ساتھ تصادم میں 31 نکسلی ہلاک، دو فوجی جوان شہید۔

☆ دوسرے ایک روزہ مقابلے میں انگلینڈ کو شکست دے کر بھارت کی سیریز میں ناقابلِ شکست برتری۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں تیجس شِرسے کو گولڈ میڈل' دوڑ مقابلوں میں ایشوریہ شرما نے بھی گولڈ میڈل جیتا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****